2024-12-30

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

1- اسرو، آج رات سری ہری کوٹہ سے دو سیارچے خلا میں بھیجے گی، جو کسی مدار میں ایک دوسرے سے مربوط ہونے اور الگ ہونے کی مشق پیش کریں گی۔

2- بھارت پہلی بار، 2025 میں، عالمی آڈیو ویژوئل تفریح سَمِٹ WAVES کی میزبانی کرے گا۔

3- پنجاب پولیس نے، ISI کی پُشت پناہی میں کام کرنے والے، نشیلی اشیاء کا کاروبار کرنے اور دہشت گردی پھیلانے والے گروپ کا پردہ فاش کیا ہے اور 5 افراد کو گرفتار کیا ہے۔

4- قومی راجدھانی سمیت شمالی بھارت میں، شدید سرد لہر جاری ہے۔

5- کامیا کارتِکیَن دنیا کی سب سے کم عمر لڑکی ہے، جنھوں نے 7 ملکوں میں، 7 چوٹیوں کو سَر کیا ہے۔

6- اور پُونے میں، ہریانہ Steelers نے پٹنہ Pirates کو ہرا کر کبڈّی لیگ سے پہلے کا خطاب جیت لیا ہے۔

اب خبریں تفصیل سے۔

## ISRO Spadex

بھارت کی، خلائی تحقیق کی تنظیم اسرو آج رات سری ہری کوٹہ سے دو سیارچے خلا میں بھیجے گی۔ یہ سیارچے کسی مدار میں باہم مربوط اور ایک دوسرے سے الگ ہونے کی مشق پیش کریں گے۔ اِس تجربے کے بعد بھارت اِس کارنامے کو انجام دینے والا دنیا کا چوتھا ملک بن جائے گا۔

اسرو کا راکٹ PSLV، دو سیارچوں SDX01 اور SDX02 کو 476 کلو میٹر کے ایک گول مدار میں پہنچائے گا اور جنوری کے پہلے ہفتے کے دوران خلا میں Docking اور Undocking کا تجربہ پیش کرے گا، جسے SpaDEx کا نام دیا گیا ہے۔

امید ہے کہ SpaDEx مشن، خلا کی دریافت کے شعبے میں، بھارت کی مستقبل کی کوششوں کے لیے ایک سنگِ میل ثابت ہوگا۔

اِس دریافت میں چاند سے، چٹّانیں اور مٹّی زمین پر لانا، مجوزہ بھارتیہ اَنترِکش اسٹیشن اور کسی خلا نورد کو چاند کی سطح پر اُتارنا شامل ہے۔

خلا میں Docking ٹیکنالوجی کی مہارت ابھی تک صرف امریکہ، روس اور چین کو حاصل ہے۔×

V/C Sudhindra

اسرو کا یہ SpaDEx مشن چاند پر بھارتی خلا نوردوں، چاند سے نمونے حاصل کرنے اور مجوزہ بھارتیہ اَنترِکش اسٹیشن کی تعمیر اور اِس کی سرگرمی جیسے بھارت کے خلائی ارادوں کے لیے لازمی ہے۔ اِس مشن کے لیے بہت سے نئے Docking نظام، سینسرز، سیارچوں کے مابین مواصلاتی رابطے تیار کیے گئے ہیں۔ امید ہے کہ اِس مشن کے ذریعے بھارت دنیا کا ایسا چوتھا ملک بن جائے، جسے خلا میں Docking ٹیکنالوجی حاصل ہے۔ یہ مشن بھارت کی مستقبل کی خلائی کوششوں کے لیے نہایت اہم ہے اور یہ خلائی دریافت کے سفر میں ایک اہم پیش رفت ہے۔

بنگلورو سے Sudhindra کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ...........

PM Waves Summit

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت پہلی بار 2025 میں، عالمی آڈیو ویژوئل تفریحی سَمِٹ WAVES کی میزبانی کرے گا۔

وزیر اعظم نے اپنے، 'من کی بات' پروگرام میں کہا کہ بھارت کی تخلیقی صلاحیت، دنیا کے سامنے پیش کرنے کا یہ ایک عظیم موقع ہے۔

S/B PM - WAVES Summit

انہوں نے WAVES کی تیاریوں میں نوجوان تخلیق کاروں کے بنیادی رول کو اُجاگر کیا، جس سے بھارت کی تخلیقی برادری کے متحرک جذبے کا اظہار ہوتا ہے۔ جناب مودی نے ملک کے نوجوانوں کے جوش و جذبے اور اُبھرتی ہوئی تخلیقی معیشت میں اُن کے تعاون پر فخر کا اظہار کیا، جو بھارت کے، 5 ٹریلین ڈالر کی معیشت بننے کی جانب پیش قدمی کرنے میں ایک اہم عنصر ہے۔

وزیر اعظم نے دِلی طور پر خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے، 2024 میں بھارتی سنیما کی کچھ اہم شخصیتوں کے 100 ویں یومِ پیدائش کا ذکر کیا۔ انہوں نے راج کپور کی لافانی فلموں کے ذریعے بھارت کی ثقافتی طاقت کے اظہار میں اُن کے رول، محمد رفیع کی سبھی نسلوں میں گونجنے والی سحر انگیز آواز اور بھارتی روایات کی عکاسی کرنے والے تیلگو سنیما کو فروغ دینے میں Akkineni ناگیسوَر راؤ کے تعاون کا بھی ذکر کیا۔

S/B - PM Film Industry

وزیر اعظم نے خاص طور پر کہا کہ اِن ممتاز شخصیتوں نے بھارتی سنیما کا نہ صرف سنہری دور تشکیل دیا، بلکہ بھارت کی ثقافتی وراثت کو استحکام دیا، جس سے نسلوں کو ایک لافانی وراثت میسر آئی کہ وہ اِس وراثت کی ستائش کریں اور اِس سے تحریک حاصل کریں۔×

## Nirmala Sitharaman

وزیر خزانہ، نرملا سیتا رمن آج کاروباری اورصنعتی رہنماؤں کے ساتھ بجٹ سے پہلے کی مشاورتی میٹنگ کریں گی۔ میٹنگ کے دوران ملک کی اعلیٰ اقتصادی ترقی کی خاطر صرفے کو فروغ دینے کے اقدامات پر تبادلہٗ خیال کیے جانے کا امکان ہے، جو کہ مجموعی گھریلو پیداوار GDP کا سب سے اہم جزو ہے۔x

## Amit Shah Gujrat

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ، آج گجرات کا دورہ کریں گے۔ جناب شاہ گجرات کے علاقے Asura میں شری دھرم پور تیرتھ میں شریمَد راج چندر آشرم کی سالانہ تقریب میں شرکت کے لیے ریاست کا ایک دن کا دورہ کریں گے، جس کے دوران وہ راج سبھا گرِہ میں مہا مستَک ابھیشیک تقریب میں شرکت کریں گے۔×

## Punjab Terror Module

پنجاب پولیس نے 5 افراد کو گرفتار کر کے، ISI کی پُشت پناہی والے نشیلی اشیاء کا کاروبار کرنے اور دہشت گردی پھیلانے والے ایک گروپ کا پردہ فاش کیا ہے۔ گرفتار کیے گئے لوگوں میں اِس گروپ کا سرغنہ بھی شامل ہے۔ یہ لوگ، بٹالا اور گُروداس پور میں حال ہی میں 2 پولیس ٹھکانوں پر ہتھ گولے پھینکنے میں بھی ملوث تھے۔

پنجاب پولیس کے ڈائریکٹر جنرل گورَو یادو نے بتایا کہ اِس گروپ کو، ببّر خالصا انٹرنیشنل BKI اور بیرونِ ملک مقیم اِس کے دو کارندے چلا رہے تھے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ ریاستی پولیس نے اِس گروپ کا انکشاف کر کے، پنجاب کے مختلف ضلعوں میں پولیس ٹھکانوں پر حملوں کے سبھی معاملات کو حل کر لیا ہے۔ ×

## Palghar Fire

مہاراشٹر میں، کَل پالگھر ضلعے کےBoisar MIDC میں دو کیمیکل یونٹوں میں زبردست آگ لگ گئی۔ UK ایرومیٹک اور کیمیکل کمپنی سے شروع ہونے والی آگ تیزی سے ملحقہ Salwad شیواجی نگر علاقے میں واقع کیمیکل یونٹ تک پھیل گئی۔

آگ پر قابو پانے کے لیے کارروائی جاری ہے۔ اِس حادثے میں اب تک کسی کے زخمی ہونے کی اطلاع نہیں ہے۔ آگ لگنے کی اصل وجہ کا ابھی پتہ نہیں چل سکا ہے، تاہم جلتے ہوئے صنعتی یونٹوں سے سیاہ دھوئیں کے بادل نظر آ رہے تھے۔ پالگھر فائر کنٹرول روم کو شام چھ بج کر 20 منٹ پر اِس سلسلے میں پہلی کال موصول ہوئی، جس کے بعد فوری طور پر آگ بجھانے کی کارروائی شروع کی گئی۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Year Ender Defence

آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ سال کے آخر میں اپنی خصوصی سیریز کے تحت 2024 کی کچھ جھلکیاں پیش کر رہا ہے۔ اِس سال بہت سی قابلِ ذکر حصولیابیاں رہیں۔ اِس سلسلے میں، دفاع کی وزارت نے بھارت کو ایک مضبوط، سلامت، خود کفیل اور خوشحال ملک بنانے کے لیے پیش قدمی کی۔

ہمارے نامہ نگار نے 2024 کی کچھ اہم حصولیابیوں پر ایک نظر ڈالی ہے۔

HP New year Celebrations

ہماچل پردیش، نئے سال کی تقریبات کے لیے پوری طرح تیار ہے۔ ملک کی مختلف ریاستوں سے بڑی تعداد میں سیاح، نیا سال منانے کے لیے ہماچل پردیش میں شملہ اور دیگر سیاحتی مقامات پر پہنچ رہے ہیں۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C  - Prabha

کرسمس کے بعد دیگر ریاستوں سے سیاح اَب نئے سال کا استقبال کرنے کے لیے ہماچل پردیش پہنچ رہے ہیں۔ راجدھانی شملہ، منالی، دھرم شالہ، Khajjiar اور کسولی سمیت ریاست کے مشہور سیاحتی مقامات میں گذشتہ سال کے مقابلے اِس سال سیاحوں کی تعداد میں اضافہ دیکھا جا رہا ہے۔ پچھلے تین دن میں سیاحوں پر مشتمل تقریباً 60 ہزار گاڑیاں شملہ پہنچ چکی ہیں۔ شملہ ضلعی انتظامیہ نے سیاحوں اور دیگر افراد کی سہولت اور ان کی حفاظت کے لیے وسیع انتظامات کیے ہیں۔ اِس دوران نیا سال منانے کے لیے سیاحوں اور مقامی لوگوں میں کافی جوش و خروش نظر آ رہا ہے۔ تاہم سات دن کے سرکاری سوگ کے سبب اِس مرتبہ ثقافتی پروگراموں کا انعقاد نہیں کیا جائے گا۔x

شملہ سے پربھا شرما کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں..............

## Jimmy Carter Death

امریکہ کے سابق صدر Jimmy Carter کا کَل رات 100 سال کی عمر میں جارجیا میں واقع اُن کی رہائش گاہ پر انتقال ہو گیا۔ وہ اب تک کے سب سے زیادہ عمر رسیدہ صدر اور بھارت کا دورہ کرنے والے تیسرے امریکی صدر تھے۔

جناب کارٹر، جلد کے کینسر کے سنگین مرض میں مبتلا تھے، جس میں ٹیومر، اُن کے جگر اور دماغ تک پھیل گیا تھا۔ انھوں نے اسپتال میں طبی علاج بند کردیا تھا اور گھر پر ہی زیر علاج تھے۔ اُن کی موت کا اعلان Atlanta میں واقع کارٹر سینٹر نے کیا۔

ڈیموکریٹک پارٹی سے تعلق رکھنے والے سابق صدر، جمی کارٹر 1977 سے 1981 تک امریکہ کے صدر رہے۔ صدر کی مدت کار کے بعد انھوں نے ایک غیر معمولی زندگی گزاری۔ 2002 میں انھیں نوبل امن انعام سے نوازا گیا تھا۔x

## Kaamya Karthikeyan

ممبئی میں "نیوی چلڈرن اسکول" کی 17 سالہ طالبہ Kaamya Karthikeyan نے دنیا کے ساتوں براعظم میں ہر ایک کی بلند ترین چوٹی کو سَر کرنے والی دنیا کی سب سے کم عمر لڑکی بن کر تاریخ ساز کارنامہ انجام دیا ہے۔ کوہ پیمائی کے غیر معمولی کارنامے کا مظاہرہ کرتے ہوئے 17 سالہ مہم جُو، نے افریقہ کے ماؤنٹ Kilimanjaro، یورپ کے ماؤنٹElbrus، آسٹریلیا کے ماؤنٹ Denali، ایشیا کے ماؤنٹ ایوریسٹ اور انٹارٹکا میں ماؤنٹ Vincent کو کامیابی کے ساتھ سَر کر لیا ہے۔ نوجوان طالبہ نے 24 دسمبر کو چلی کے معیاری وقت کے مطابق شام پانچ بج کر 20 منٹ پر اپنے والد کمانڈر S. Karthikeyan کے ہمراہ انٹارٹکا میں واقع ماؤنٹ Vincent کی چوٹی پر قدم رکھا۔

Kaamya Karthikeyan سولہ سال کی تھیں جب انھوں نے ماؤنٹ ایوریسٹ کو سَر کیا تھا۔ انھوں نے صرف سات سال کی عمر میں اتراکھنڈ میں پہلی کوہ پیمائی کی تھی۔ اُن کی غیر معمولی کامیابی کے لیے انھیں 2021 میں نوجوان کامیابی حاصل کرنے والوں کے لیے ملک کے اعلیٰ ترین قومی ایوارڈ پردھان منتری "راشٹریہ بال شکتی" پرسکار سے نوازا گیا تھا۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے "مَن کی بات" پروگرام میں بھی ان کی تعریف کی تھی۔

## IMD Weather

قومی راجدھانی سمیت شمالی بھارت کے تمام علاقوں میں نئے سال کا آغاز شدید سردی سے ہوگا، کیونکہ بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے آنے والے دنوں میں پورے شمالی بھارت میں درجۂ حرارت میں کمی کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ جموں و کشمیر، لداخ، پنجاب، ہریانہ اور راجستھان کے دور دراز کے علاقوں میں سرد لہر جاری رہے گی، جبکہ ہماچل پردیش کے کچھ حصوں میں شدید سے شدید تر سردی رہنے کا امکان ہے۔

IMD نے آج راجستھان کے کچھ حصوں میں سرد لہر کی صورتحال برقرار رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ x

Sports Round UPِ

پُروکبڈّی لیگ میں، ہریانہ نے پٹنہ کو 31 کے مقابلے 34 پوائنٹ سے ہرا کر اپنا پہلا خطاب جیت لیا ہے۔ چیمپئنز کو 3 کروڑ روپے کا انعام دیا گیا ہے، جبکہ رنرز اَپ پٹنہ Pirates ایک کروڑ 80 لاکھ روپے کا انعام دیا گیا ہے۔ پٹنہ Pirates کے کھلاڑی دِیوانک دلال نے 25 میچوں میں سب سے زیادہ 301 پوائنٹ حاصل کیے لہٰذا انہیں PKL-2024 کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔x

Hockey India League

ہاکی انڈیا لیگ میں، راوڑ کیلا کے برسامنڈا ہاکی اسٹیڈیم میں کھیلے گئے ایک میچ میں سُورما ہاکی کلب نے Tamil Nadu Dragons کو پنالٹی شوٹ آؤٹ میں ایک کے مقابلے چار گول سے شکست دی۔ میچ مقررہ وقت میں ایک ایک کی برابری پر ختم ہوا، جس کے بعد پنالٹی شوٹ آؤٹ کا فیصلہ لیا گیا۔ اس جیت کے ساتھ سُورما ہاکی کلب کو میچ کی برابری کے ایک پوانٹ کے ساتھ ایک اضافی پوائنٹ ملا ہے۔

اس سے پہلے دن میں کھیلے گئے ایک میچ میں Surachi Rarh Begal نے حیدرآباد طوفانز کو دو کے مقابلے تین گول سے ہراکر تین پوائنٹ حاصل کیے۔

آج اسی مقام پر UP Rudras کا مقابلہ Vedanta Kalinga سے ہوگا۔ یہ میچ رات سوا آٹھ بجے شروع ہوگا۔x

Jaishankar Qatar

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر آج سے قطر کے تین روزہ سرکاری دورے پر ہوں گے۔ دورے کے دوران وہ قطر کے وزیراعظم اور وزیر خارجہ شیخ محمد بن عبدالرحمان بن جسیم الثانی سے ملاقات کریں گے۔ ایک بیان میں وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ اُن کا یہ دورہ دونوں فریقوں کو دو طرفہ تعلقات کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لینے کا موقع فراہم کرے گا، جن میں سیاسی، تجارتی، سرمایہ کاری، توانائی، سیکیورٹی، ثقافتی اور عوام سے عوام کے رابطے کے علاوہ باہمی دلچسپی کے علاقائی اور بین الاقوامی معاملات شامل ہیں۔x

FPIs

غیر ملکی سرمایہ کار کمپنیوں نے، دسمبر میں ابھی تک، بھارت کی اثاثہ مارکٹس میں ابھی تک 22 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کی سرمایہ کاری کی ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق غیر ملکی سرمایہ کار کمپنیوں FPIs نے، بھارت کی شیئر مارکٹس میں 16 ہزار 675کروڑ روپے اور قرضہ مارکیٹ میں 5 ہزار 352کروڑ روپے لگائے ہیں۔ اِس طرح بھارت کی اثاثہ مارکٹس میں کُل سرمایہ کاری 22 ہزار 27کروڑ روپے ہوئی ہے۔

اِس سے کچھ مہینے پہلے بھارتی مارکٹس سے، بڑے پیمانے پر رقوم نکالی گئی تھیں۔ غیر ملکی سرمایہ کار کمپنیوں نے نومبر میں شیئر مارکیٹ سے 21 ہزار 612 کروڑ روپے اور اکتوبر میں 94 ہزار 17 کروڑ روپے نکالے تھے۔

دلچسپ بات یہ ہے کہ ستمبر کے مہینے میں شیئر مارکیٹ میں FPIs کی رقوم کی آمد، پچھلے 9 ماہ کی مدّت میں سب سے زیادہ رہی۔ یہ رقوم 57 ہزار 724 کروڑ روپے کی تھیں۔

FPIs نے اِس سال ابھی تک، شیئر مارکیٹ میں ایک ہزار 656کروڑ روپے اور قرض مارکٹس میں ایک لاکھ 12 ہزار 410کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کی ہے۔

اِس طرح بھارتی اثاثہ مارکٹس میں 2024 میں کُل سرمایہ کاری تقریباً ایک اعشاریہ ایک لاکھ کروڑ روپے ہوئی ہے۔×

## Must Announcement Public Speak

آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ، ہندی اور انگریزی میں براہ راست نشر ہونے والے اپنے فون اِن پروگرام، پبلک اسپیک میں آج رات ساڑھے نو بجے "قدرتی آفات کے لیے موثر طور پر نمٹنے کی تیاریوں" کے موضوع پر ایک تفصیلی مذاکرہ نشر کرے گا۔ یہ مذاکرہ، قدرتی آفات سے نمٹنے کی قومی اتھارٹی کے رکن لیفٹننٹ جنرل سید عطا حسنین ریٹائرڈ کے ساتھ کیا جائے گا۔

پروگرام کے دوران سامعین اِس موضوع پر اپنے سوالات اِن ٹیلی فون نمبرس پر پوچھ سکتے ہیں۔

صفر ایک ایک - دو تین، چار دو - ایک صفر، پانچ صفر

اور

صفر ایک ایک - دو تین، تین ایک، چار چار، چار چار،

اِس کے علاوہ آپ اپنے سوالات

نو دو آٹھ نو - صفر نو چار صفر - چار چار

پر بھی وہاٹس ایپ کرسکتے ہیں، یا ہیش ٹیگ Askair کے ساتھ X پر بھی بھیج سکتے ہیں۔
x

Delhi Pollution

قومی راجدھانی دلی اور ملحقہ علاقوں میں ہوا کے معیار میں  بہتری آئی ہے۔ آج صبح چھ بجے دلی شہر میں ہوا کے معیار کا اشاریہ AQI، 183 کی اوسط کے ساتھ معتدل زمرے میں ریکارڈ کیا گیا۔ آلودگی کے کنٹرول سے متعلق مرکزی بورڈ کے مطابق دلی کے کچھ علاقوں میں AQI، 200 سے زیادہ رہا۔x

Cricket BGT test Day5

کرکٹ میں، میلبورن میں جاری بارڈر گواسکر ٹرافی کے چوتھے ٹیسٹ کے پانچویں اور آخری دن بھارت نے آسٹریلیا کے خلاف اپنی دوسری باری میں اب سے کچھ دیر پہلے تک 3   وکٹ پر 86 رن بنا لیے تھے۔

آسٹریلیا نے جیت کے لیے 340 رن کا نشانہ مقرر کیا تھا۔

اس سے پہلے، آسٹریلیا کی ٹیم آج صبح دوسری باری میں بنائے گئے اپنے کل کے اسکور9 وکٹ پر 228 رن سے آگے کھیلتے ہوئے 234 پر آؤٹ ہوگئی۔

پانچ میچوں کی یہ سیریز سردست ایک ایک سے برابری پر ہے۔

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......مجیب اختر

شکریہ - اسلم

راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اخبارات نے ’من کی بات‘ پروگرام میں وزیر اعظم نریندر مودی کے اِن بیانات کو شہ سرخی کے طور پر شائع کیا ہے: مختلف زبانوں میں آئین کی تمہید پڑھیں، بھارت کو ملیریا اور کینسر سے لڑنے میں بڑی کامیابی ملی، پریاگ راج مہا کُنبھ کے لیے ڈیجیٹل سہولیات مہیا کرائی جائیں گی۔

جنوبی کوریا میں مسافر بردار طیارہ گر کر تباہ 179 افراد ہلاک، اس عنوان کے تحت اخباروں نے تحریر کیا ہے کہ پہیئے نہ کھلنے کے سبب لینڈنگ کے دوران طیارہ رن وے پر پھسل کر بانڈری وال سے ٹکرا گیا اور دھماکے کے بعد اس میں آگ لگ گئی۔

روزنامہ انقلاب نے عالمی خبروں کے صفحہ پر شام میں بشار الاسد حکومت کا تختہ پلٹنے والی فورسز کے سربراہ اور ملک کے عبوری رہنما احمد الشرع کے حوالے سے خبر دی

ہے کہ شام میں سکیورٹی ایجنسی کی تشکیل نو کے لیے تمام شاخیں تحلیل کی جائیں گی۔ ملک میں آئین کی تیاری اور نئے انتخابات کرانے میں تین سے چار سال لگ سکتے ہیں۔×

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- اسرو، آج رات سری ہری کوٹہ سے دو سیارچے خلا میں بھیجے گی، جو کسی مدار میں ایک دوسرے سے مربوط ہونے اور الگ ہونے کی مشق پیش کریں گی۔

2- بھارت پہلی بار، 2025 میں، عالمی آڈیو ویژوئل تفریح سَمِٹ WAVES کی میزبانی کرے گا۔

3- پنجاب پولیس نے، ISI کی پُشت پناہی میں کام کرنے والے، نشیلی اشیاء کا کاروبار کرنے اور دہشت گردی پھیلانے والے گروپ کا پردہ فاش کیا ہے اور 5 افراد کو گرفتار کیا ہے۔

4- قومی راجدھانی سمیت شمالی بھارت میں، شدید سرد لہر جاری ہے۔

5- کامیا کارتِکیَن دنیا کی سب سے کم عمر لڑکی ہے، جنہوں نے 7 ملکوں میں، 7 چوٹیوں کو سَر کیا ہے۔

6- اور پُونے میں، ہریانہ Steelers نے پٹنہ Pirates کو ہرا کر کبڈّی لیگ سے پہلے کا خطاب جیت لیا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔